# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجو کیشن اینڈ ایلیمینٹری ایجو کیشن)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: علم التعلیم (215)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: میٹرک**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر1

### (یونٹ:1 تا3)

سوال نمبر1: تعلیم کے مفہوم کی وضاحت کریں۔ یہ واضح کریں کہ تعلیم صرف اسکول تک محدود کیوں نہیں سمجھی جاتی؟ (20)

سوال نمبر2: مختلف ماہرینِ تعلیم کی دی گئی تعلیم کی تعریفوں کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ آپ کے نزدیک کون سی تعریف زیادہ جامع ہے؟ وجہ بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3: اسلامی تعلیم کے بنیادی اصول بیان کریں۔ ان اصولوں کا اطلاق موجودہ تعلیمی نظام میں کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4: تعلیم کی اقسام بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ ہر قسم معاشرے کی کن مخصوص ضروریات کو پورا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر5: تعلیم فرد کی اخلاقی، ذہنی اور سماجی تربیت میں کس طرح کردار ادا کرتی ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر2

### (یونٹ:4 تا6)

سوال نمبر1: غیر رسمی تعلیم کے دائرہ کار پر روشنی ڈالیں۔ وضاحت کریں کہ یہ تعلیم زندگی بھر سیکھنے میں کیسے مددگار ثابت ہوتی ہے؟ (20)

سوال نمبر2: ابلاغی ذرائع (میڈیا) اور تعلیم کا باہمی تعلق بیان کریں۔ بچوں پر میڈیا کے تعلیمی اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3: معاشرتی نظام سے کیا مراد ہے؟ تعلیم معاشرتی نظام کو مستحکم بنانے میں کس طرح مدد دیتی ہے؟ (20)

سوال نمبر4: بچوں کی جسمانی نشو و نما پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کریں۔ ان عوامل میں اسکول کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5: بچوں کی نفسیاتی ضروریات کو نظر انداز کرنے کے کیا نتائج ہو سکتے ہیں؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر3

### (یونٹ:7تا9)

سوال نمبر1: بچوں میں پائے جانے والے نفسیاتی مسائل کی اقسام بیان کریں۔ ان مسائل کی بروقت نشاندہی کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر2: تعلیمی مسائل بچوں کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3: تعلم کے عمل کی وضاحت کریں۔ یہ واضح کریں کہ سیکھنے کا عمل تجربے سے کس طرح جڑا ہوا ہے؟ (20)

سوال نمبر4: جدید نظریاتِ تعلم کا تعارف پیش کریں۔ ان نظریات کے عملی فوائد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5: بچوں کی رہنمائی میں استاد کے کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ وضاحت کریں کہ مؤثر رہنمائی کیوں ضروری ہے؟ (20)

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر4

### (یونٹ:10تا12)

سوال نمبر1: تدریس کے بنیادی اصول بیان کریں۔ ایک اچھے استاد کی خصوصیات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2: روایتی اور جدید تدریسی طریقوں کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ کون سا طریقہ زیادہ مؤثر ہے اور کیوں؟ (20)

سوال نمبر3:	نصاب سازی میں کن عوامل کو مد نظر رکھنا ضروری ہے؟ پرائمری سطح کے حوالے سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4:	سبقی خاکہ کی تعلیمی اہمیت بیان کریں۔ یہ واضح کریں کہ بغیر سبقی خاکے کے تدریس کیوں مؤثر نہیں ہوتی؟ (20)

سوال نمبر5:	اردو زبان کی تدریس میں سرگرمیوں کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ کسی دو ہم نصابی سرگرمیوں کی مثالیں دیں۔ (20)